سوال

نمازِجنازہ میں تاخیر سے ملنے والا شخص کیا کرے ؟

جواب

نمازجنازہ میں تاخیر سے ملنے والا شخص السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ نمازجنازہ شروع ہوچکا ہے ۔ ایک یا دو تکبیرات پڑھی جا چکی ہیں ۔ ایک شخص تاخیر سے آ کر ملتا ہے ۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد تاخیر سے ملنے والا شخص اب کیا کرے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نمازجنازہ میں تاکیر سے ملنے والے ش خص کو چاہیے کہ وہ امام کے ساتھ مل جانے والی تکبیرات امام کے ساتھ ہی پڑھ لے جبکہ امام کے سلام پھیرنے پر اپنی بقیہ تکبیرات کو مکمل کرلے ،اور جنازہ اٹھنے سے پہلے پہلے سلام پھیر لے ۔ سعودی عرب کی لجنہ دائمہ کا یہی موقف ہے ۔ (اللجنۃ الدائمۃ للإفتاء (8/399)) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی